Volume III
No. 4

SP. III-4-74 (E)
400

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

Tuesday, July 30, 1974

CONTENTS

| | PAGES |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... ... | 111 |
| Privilege motion Re : Failure to inform Chairman about mover's release on bail—*Referred to Privilege Committee.* ... ... | 118 |
| Adjournment motion Re : Heavy Bombing on Bambore Range bordering the District of Kachi in Baluchistan—*Ruled out of order.* ... ... ... ... ... ... ... | 120 |
| Adjournment motion Re : Heavy bomb attack on Chamalang Range in Loralai District of Baluchistan—*Ruled out of order.* ... | 130 |
| The Dangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1974—*Adopted*.... | 133 |
| The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Amendment) Bill, 1974—*Adopted.* ... ... ... | 140 |

PRINTED BY THE MANAGER, SHAMIM PUBLICATIONS LIMITED, LAHORE.
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.

*Price Ps. 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

Tuesday, July 30, 1974

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman :** Yes, now we take up questions. Question No. 19.

### FREIGHT FOR PETROLEUM PRODUCTS

**19. *Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to state :

(*a*) whether it is a fact that the petroleum products carriage freight by road has been revised upwards since January, 1974, and the carriage rate for hilly terrain fixed at Rs. 0014 per Imperial gallon per mile returned ;

(*b*) the actual hilly terrain distances between :—

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Rawalpindi | and | Kohala |
| 2. | Rawalpindi | ,, | Parachinar |
| 3. | Rawalpindi | ,, | Bannu |
| 4. | Peshawar | ,, | D. I. Khan |
| 5. | Peshawar | ,, | Trimur Gareh (Dir) |
| 6. | Peshawar | ,, | Malakand |
| 7. | Peshawar | ,, | Mingora ; and |

[Khawaja Mohammad Safdar]

(c) whether the Federal Government has allowed payment of freight for petroleum products transported to the destinations mentioned in (b) above, at the revised rates for portions of hilly roads ; if not, the reasons therefor ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : (a) Yes. The freight rates for carriage of petroleum products were revised upward w.e.f. 21-1-1974. The carriage rates for hilly terrain were fixed at Rs. 0.0014 per Imperial gallon per mile round trip by the oil companies according to their contracts with the contractors.

(b) The round trip distances are as under :—

1. 50 miles.
2. 60 miles.
3. 25 miles.
4. 40 miles.
5. 26 miles.
6. 8 miles.
7. 15 miles.

(c) No. Payment of freight is regulated by each oil company in accordance with terms settled with transporters on competitive basis.

**Mr. Chairman** : Next Question No. 20.

## REGIONAL QUOTA IN OGDC

20. ***Khawaja Mohammad Safdar** : Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to state :

(a) the number of Administrative Officers, Accountants, Stores Officers, Superintendents, Supervisor Accounts, Supervisor Stores and Assistants Admn./Stores/Accounts/Audit employed by the Oil and Gas Development Corporation with the provinces of their domicile ;

(b) whether it is a fact that the orders of the Federal Government fixing the quota of employees from different Provinces/Regions apply to this Corporation ; and

(c) whether the order of the Federal Government mentioned in (b) above, apply to recruitment as well as to the vacancies filled by promotion ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : (a) A statement is placed on the floor of the House. (Annexure) 'A'

(b) Yes.

(c) According to the Government order, regional quota is to be maintained for "recruitment" and not for "promotion".

[ANNEXURE] 'A'

EXISTING POSITION OF POSTS, AND THEIR DISTRIBUTION ON PROVINCIAL BASIS, IN THE OIL & GAS DEVELOPMENT CORPORATION

| Sl. No. | Name of Post | Merit | Punjab | Sind | | N.W.F.P. | Baluchis-tan | Northern Areas and Tribal Areas | Azad Kashmir | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | Urban | Rural | | | | | |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 |
| 1 | Admn. Officer | — | — | 2 | — | 1 | 1 | — | — | 4 |
| 2 | Account Officer | — | — | 1 | — | — | — | — | — | 1 |
| 3 | Stores Officer | — | 1 | 3 | — | 1 | — | — | — | 5 |
| 4 | Superintendent | — | — | 5 | 1 | 1 | — | — | — | 7 |
| 5 | Accounts Supervisor | — | — | 8 | 1 | — | — | — | — | 9 |
| 6 | Store Supervisor | — | 1 | 3 | 1 | — | — | — | — | 5 |
| 7 | Assistant (Admn.) | — | 16 | 18 | 2 | 1 | — | — | — | 37 |
| | Assistant (Stores) | — | 11 | 19 | 4 | 2 | — | — | — | 36 |
| | Assistant (Accounts) | — | 6 | 18 | — | 3 | — | — | 1 | 28 |
| | Assistant (Audit) | — | 1 | 8 | — | — | — | — | — | 9 |
| | GRAND TOTAL | — | 36 | 85 | 9 | 9 | 1 | — | 1 | 141 |

**Mr. Chairman :** Question No. 21.

### SUI GAS TO MIRPURKHAS

21. ***Mr. Qurban Ali Shah :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to state whether there is any scheme, for supplying sui gas to Mirpurkhas city ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Not for the time being.

**Mr. Chairman :** Question No. 22.

### ELECTRIFICATION OF NWFP VILLAGES

22. ***Sardar Mohammad Aslam :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to state :

(*a*) the number of villages in N.W.F.P., particularly in Hazara District, electrified during the year 1973-74 and the number of villages to be electrified in 1974-75 ;

(*b*) the annual expenditure on the legal branch of WAPDA, and

(*c*) whether it is a fact that WAPDA pays Rs. 25/- to Rs. 75/- per case to counsel engaged for conducting cases on behalf of WAPDA ; if so, do the WAPDA authorities consider this fee just and proper for conducting cases ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** (*a*) Total number of villages in N.W.F.P. electrified during 1973-74 is 62. The number of villages electrified in District Hazara is 6. Number of villages to be electrified during 1974-75 is yet to be finalised in consultation with provincial Government.

(*b*) Rs. 1,64,500 (1973-74).

(*c*) WAPDA pays Rs. 25/- to Rs. 75/- as token fee to the Counsel only for small cases connected with main cases in which full fees are paid according to a prescribed Schedule of Fees. In the small cases connected with Tarbela, the token fee ranges from Rs. 25 to Rs. 100.

**سردار محمد اسلم :** ضمنی سوال - کیا وزیر مواصلات فرمائیں گے کہ ۱۹۷۳ - ۱۹۷۴ء میں صوبہ سرحد میں جو باسٹھ گاؤں electrify کئے گئے ہیں ان میں سے چھ ضلع ہزارہ میں insufficient نہیں ہیں ؟

**جناب چیئرمین :** یہ question of opinion ہے -

سردار محمد اسلم : اس کو ملک میں کس طریقے سے تقسیم کیا گیا ہے ؟

جناب چیئرمین : میں نے یہ کہہ دیا ہے کہ یہ question of opinion ہے کہ کون سا sufficient ہے کون سا insufficient ہے - سوال نمبر ۲۳ خواجہ محمد صفدر -

Yes. Question No. 23.

LOCAL GOVERNMENT INSTITUTIONS

23. ***Khawaja Mohammad Safdar** : Will the Minister for Works, Labour and Local Bodies, be pleased to state :

(*a*) the steps taken by the Federal Government to restore the Local Government institutions in Pakistan; and

(*b*) whether it is a fact that there is no Local Body functioning in the country for about three years ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : (*a*) The requisite information has been placed on the Table of the House.

(*b*) Local Bodies are at present being administered by official funcitionaries.

*Information placed on the Table of the House.*

(*a*) The Federal Government have taken the following steps to restore Local Government Institutions in Pakistan :—

(1) The Labour and Local Bodies Division proposed an outline of salient features of the future system of local government which, after examination and approval of the Cabinet Committee, was communicated to the provincial Governments for implementation. All the provincial Governments promulgated their People's Local Government Ordinances keeping in view the frame-work of outlines prepared by the Federal Government.

(2) The Local Government Ordinances promulgated by the provincial Governments were considered in a meeting of the Cabinet Committee and the provincial Governments were advised to amend the Ordinances so as to provide for a Local Government institution at the village level and between the village and the people's District Council, in the rural areas, to ensure participation of the people in the developmental activities. Certain other policy proposals on implementation of rural development schemes and providing representation to minority community and women in local government institutions, were also chalked out and sent to the provincial Governments for incorporating in their Local Government Laws.

(3) On the enactment of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the provincial Governments were required to incorporate

[Ch. Mohammad Hanif Khan]

in their laws the provisions of Article 32 of the Constitution with workers and women on the Local Government institutions.

(4) In order to provide financial stability to the Local Government institutions for the administration of people's Local Councils and the Local Government Training Institutes, the Federal Government is giving grants-in-aid to all the provincial Governments in the proportion of 3 : 2.

(5) Labour and Local Bodies Division is coordinating the activities of the Central Ministries/Divisions concerning Local Government institutions in the Cantonment Areas, Azad Kashmir, Northern Areas and Tribal Areas.

(6) The Federal Government conducted various training/visits programmes in Pakistan on Local Government for the representatives of the RCD countries and arranged training/visits abroad of Pakistani officials under CENTO, Columbo Plan, ECAFE and International Union of Local Authorities (IULA).

**خواجہ محمد صفدر :** ضمنی سوال ، سر ۔

**Mr. Chairman :** Yes, Khawaja Sahib.

**خواجہ محمد صفدر :** گزشتہ ڈھائی سال سے جب سے موجودہ حکومت برسراقتدار آئی ہے لوکل باڈیز کے انتخابات نہیں ہوئے ۔ میں محترم وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا اس مسئلے کے متعلق کوئی پالیسی وضع کی گئی ہے ؟ مرکزی لیول پر لوکل باڈیز کے انتخابات کب تک کرائے جا سکتے ہیں ؟

**چوہدری محمد حنیف خان :** اب تو پوزیشن یہ ہے کہ الیکٹورل آرڈیننس وغیرہ بن رہے ہیں ۔ اصل فیصلہ تو پراونشل گورنمنٹوں نے کرنا ہے ، سنٹرل گورنمنٹ نے نہیں کرنا ، کیوں کہ یہ پراونشل سبجیکٹ ہے ۔ سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے سب کچھ ہو چکا ہے ۔ اب چوں کہ رولز وغیرہ بن چکے ہیں اس کے بعد میرا خیال ہے کہ ہو جائے گا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** لوکل باڈیز سے متعلق قانون کب بنے گا مثلاً پنجاب میں؟

**چوہدری محمد حنیف خان :** تاریخ نہیں ہے ۔ آرڈیننس بن چکے ہیں ۔ اگر آپ نوٹس دیں تو میں دے دوں گا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ ان ڈھائی سالوں کے عرصہ میں لوکل باڈیز کے انتخابات نہ کرانے کی کیا وجوہات ہیں ؟

**چوہدری محمد حنیف خان*:** میں نے عرض کیا ہے کہ سب سے پہلے جو قانون تھے ان کو ختم کیا گیا - بی ڈی سسٹم بھی جو پرانا سسٹم تھا ، اس کو ختم کیا گیا - ختم کرنے کے بعد اتنی چیزیں کرنی پڑتی ہیں جن کا کوئی اندازہ نہیں - کہیں کچھ کرنا پڑا کہیں کچھ کرنا پڑا - کہیں میٹنگ کرنی پڑی - نیا قانون بنانے کے لیے ہمیں اس کے متعلق تھنکنگ بھی کرنا پڑتی ہیں - یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کو ایک رات میں بیٹھ کر کر دیں - ہمیں ایک تو سوچنا پڑتا ہے کہ اسے کس طرح سیٹ اپ کریں کہ ملک کے لئے مفید ہو سکے - ایک مرتبہ سوچنے کے بعد دوبارہ پھر سوچنا پڑتا ہے - یہ احساس ہوتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ مفید نہ ہو - ان کو ٹھیک کرنا پڑتا ہے - اس کے بعد آرڈیننس بنانے پڑتے ہیں - رولز بنانے پڑتے ہیں - اگر یہ چیزیں ایک دن میں ہو سکتی ہیں تو پھر ٹھیک ہے - آپ کو معلوم ہے کہ ۱۹۶۹ء کے بعد کون کون سے کام کرنا پڑے ہیں اور اب وہ بھی مصروفیت تھی -

(*Interruptions*)

**خواجہ محمد صفدر:** محترم وزیر صاحب کو یہ شکایت تھی کہ ابھی ایک رات گزری ہے اور اگر ان کی رات دو سال سات ماہ لمبی ہے تو خبر نہیں دن کتنے لمبے ہوں گے - میں ان سے گزارش کروں گا کہ کیا مرکزی حکومت ، فیڈرل گورنمنٹ صوبائی حکومتوں کو یہ احکام جاری کرنے کے لئے مستقبل قریب میں تیار ہے کہ وہ جلد از جلد انتخابات کرائیں ؟

**چوہدری محمد حنیف خان:** میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ الیکٹورل رولز بن رہے ہیں - میں بذات خود تو کچھ نہیں کہہ سکتا - یہ تیار ہیں -

**Mr. Chairman:** Ask for a notice.

**چوہدری محمد حنیف خان:** میں یہ کہہ سکتا ہوں ان کی ڈیوٹی کے متعلق کہ یہ پراونشل گورنمنٹوں کی ڈیوٹی ہے - وہ مختلف اوقات پر اپنا اپنا انتظام کر سکتی ہیں صوبائی حکومتیں بالکل پابند نہیں ہیں - آپ ان سے پوچھ لیں -

**خواجہ محمد صفدر:** کیا آپ کے جواب سے یہ نتیجہ اخذ کروں کہ ----

**جناب چیئرمین:** نتیجہ تو آپ اخذ نہیں کر سکتے -

*Speech not corrected by the honourable Minister.

**مفتی ظفر علی نعمانی :** ایک مختصر سی بات میں پوچھنا چاہتا ہوں لوکل باڈیز کے سلسلے میں کہ کیا یہ صحیح ہے کہ یہ موجودہ نظام کو تبدیل کر کے نیا نظام لایا جا رہا ہے اور اس میں انتخابات سے پہلے علاقے کے ایم این اے اور ایم پی اے کو اس کا چیئرمین بنایا جا رہا ہے اور اس کے منتخب نمائندے اس میں مقرر کئے جا رہے ہیں ، کیا یہ صحیح ہے ؟

**چوہدری محمد حنیف خان :** یہ آرڈیننس بن چکے ہیں ۔ منگوا کر پڑھ لیجئے ۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو آپ کو پڑھنا پڑے گا ۔

**Mr. Chairman :** You can give broad outlines. His question is very simple. If you have any in hand.

**چوہدری محمد حنیف خان :** اب جناب مجھے اجازت دیں میں پڑھ دوں ۔

**جناب چیئرمین :** سارا پڑھنا چاہتے ہیں ؟

**چوہدری محمد حنیف خان :** صرف دو صفحے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** ضمنی سوال کا جواب بڑا مختصر ہوتا ہے ۔

**چوہدری محمد حنیف خان :** ان کو تمام انفارمیشن مل جائے گی ۔ میرا خیال ہے کہ یہ انفارمیشن جواب میں ہے ۔

The requisite information has been placed on the Table of the House.

**جناب چیئرمین :** یہی تو میں چلا رہا ہوں ۔ آپ سنتے نہیں ۔

**چوہدری محمد حنیف خان :** مجھے چلانے سے بچا لیا ورنہ مجھے چلانا پڑتا ۔

**Mr. Chairman :** Question Hour is over. We will now take up the Privilege Motion tabled by Mr. Zamarud Hussain.

## PRIVILEGE MOTION RE : FAILURE TO INFORM CHAIRMAN ABOUT MOVER'S RELEASE ON BAIL

**Mr. Zamarud Hussain :** I beg to raise a question involving breach of privilege of the Senate so far as the D.C. and D.M., Quetta, has failed to comply with the provision as laid down in Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973.

I was released on bail on 19th June, 1974, but no information, as required under rule 65, has been sent to Chairman of the Senate in the appropriate form, as set out in the Second Schedule.

**Rao Abdus Sattar :** We will hold an inquiry, and if no intimation was sent to the Chairman, then we will take appropriate action.

**Mr. Chairman :** Who will hold the inquiry ?

**Rao Abdus Sattar :** The government.

**Mr. Chairman :** What should I do about this privilege motion ? There are only two ways to dispose it of, so far as I know—either the Senate should take it up or we can refer it to the Standing Committee.

**Khawaja Mohammad Safdar :** I propose that this should be referred to the Standing Committee.

**Mr. Chairman :** I think, it is for the Standing Committee to probe and find out whether any intimation was sent, and in case no intimation was given to the Chairman, then what action they propose to be taken against the defaulting officer. I would like to have concensus of the House. In my opinion, the proper course to adopt would be to refer this privilege motion to the Standing Committee on Privileges. Mr. Zamarud Hussain was arrested and then, later on, he was released on bail but, as required under rule 65 of the Rules of Procedure, the Deputy Commissioner, who happens to be the District Magistrate also, did not comply with rule 65, and did not send any intimation to the Chairman of the Senate. So, this is for the Standing Committing to probe into the matter. Therefore, this privilege motion is referred to the Standing Committee on Privileges. I think, some time should be fixed for submitting the report to the House.

**Khawaja Mohammad Safdar :** In this connection, Mr. Chairman, I may point out to you and to the Senate that several of my motions in respect of amendments in the rules as well as one privilege motion which was moved by me in connection with certain matters are pending with that Committee for the last eight or nine months. I understand that Committee has not so far met and has not elected its Chairman. This is my interpretation that it is the duty of the Senate Secretariat to convene the first meeting for the election of the office bearers, and I think, the Senate Secretariat has not performed its duty as it should have done. This matter has now cropped up and, I think, it should be clarified. The Senate should know the exact facts why this Committee has not met during the last eight or nine months.

**Mr. Chairman :** Your complaint has been noted, and I will find out what the facts are.

Privilege Motion of Mr. Zamurad Hussain has been referred to the Standing Committee of Privileges. Now, we take up adjournment motions.

[Mr. Chairman]

This adjournment motion which was moved day before yesterday, and was deferred until the Finance Minister is present in the House cannot be taken up. Next adjournment motion by Khawaja Mohammad Safdar.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Adjournment Motion No. 7 in respect of Chamalang rang bombing.

**Mr. Khurshid Hasan Meer** : Mr. Chairman, I will submit that Adjournment Motions Nos. 7, 8, 10, 12 and 15 are on the same subject. Adjournment Motion No. 7 is from Mohammad Hashim Khan Ghilzai. If he is not present in the House then we can take up No. 8, which is on the same subject.

**Mr. Chairman** : With me Adjournment Motion No. 7 is in the name of Khawaja Sahib.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Mr. Chairman......

**Mr. Chairman** : Well, let me check up where the mistake lies.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, this motion about aerial bombing on some villages of Bambore Range is from Mohammad Hashim Khan Ghilzai.

**Mr. Chairman** : Let me first ascertain why this mistake cropped up.

**Khawaja Mohammad Safdar** : It is a clerical mistake.

**Mr. Chairman** : Oh ! Yes. Mr. Mohammad Hashim Khan Ghilzai can move his Adjournment Motion.

## ADJOURNMENT MOTION RE : HEAVY BOMBING ON BAMBORE RANGE BORDERING THE DISTRICT OF KACHI IN BALUCHISTAN

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai** : *Mr. Chairman, I beg leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely :

> "The entire area of the Bambore Range bordering the district of Kachi mainly inhabited by Marri tribesmen was subjected to heavy bombing by the airforce in the second week of June, 1974. The bomb attack has not only caused the death of innumerable men, women and children but has also resulted in the destruction of the Marri settlements in the region and also of all the livestack, crops, houses and

*Speechnot corrected by the honourable Senator.

other landmarks of a settled community living in peace. The attack on unarmed and peaceful people of Bombore Range and adjoining areas is reported to be continuing and is supported by other repressive measures such as mass arrests, summary shootings. This callous action and other similar actions of the Federal Government to repress the public of Baluchistan has caused grave resentment to the public."

جناب چیئرمین ! یہ قصہ بہت پرانا ہے ۔ یہ ڈرامہ جو بلوچستان میں کھیلا جا رہا ہے تقریباً ------

**جناب چیئرمین :** یہ کتنا پرانا ہے ؟

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** پچھلے ۱۷ ماہ سے بلوچستان کے اوپر جو بمباری ہو رہی ہے یہ اس میں سے ایک definite واقعہ ہے جس کا میں ذکر کر رہا ہوں ۔ جب سے بلوچستان میں .N.A.P کی حکومت کو غیر آئینی اور غیر قانونی طور پر مرکزی حکومت نے برطرف کیا اس وقت سے اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کا پس منظر بیان کرنا چاہتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** جہاں تک اس کی relevancy کا سوال ہے میں آپ کو نہیں روکتا لیکن اگر آپ بلوچستان کی ہسٹری ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء سے شروع کر دیں تو بڑی مشکل ہو جائے گی ۔ تو پہلے مجھے معلوم کر لینے دیں کہ اس میں کوئی technical objection تو نہیں ۔ باقی بات تو بعد میں ہوگی ۔

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میں مختصر سی بات کرنا چاہتا ہوں ۔

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, technical objection is there. I was about to get up and raise it. I think that if the honourable Senator has read out his adjournment motion and wants to add something in explanation of this, I wouldn't object because I wish to make a short statement......

**Mr. Chairman :** Please look hear, he cannot make any short statement, speech or give explanation on this motion so far as merits are concerned. The first thing is whether it is in order or not. If it is held in order, then I will put it to the House and you can support it.

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Mr. Chairman, I would like to submit that last time I was permitted to give or to make a short statement after hearing the adjournment motion. We need not go into the technicalities.

**Mr. Chairman :** You can make a statement. It is upto him whether he should like to withdraw his adjournment motion or not.

**Mr. Khurshid Hasan Meer*** : Sir, on behalf of the Government, I would like to say once again that the Government has emphatically refuted and categoricall denied that there is any aerial bombing on the hilly tracts of Bambore Range or on any place in Baluchistan. This has categorically and repeatedly been denied by the Government, Sir, so much so that the Prime Minister of Pakistan is undertaking an extensive tour of Baluchistan. Wherever he had gone the condition was peaceful. We are being told that no bombing took place in the Marri area. In this connection, let me invite the attention of the House to the report of the Prime Minister's tour published in the Pakistan Times, dated the 28th July, from which it will be clear that the Prime Minister went to Mawand, the heart of Marri area, where large number of people were present. The Prime Minister asked the gathering whether there had been any bombing in the area and they replied in simple 'No'. We don't understand why this allegation is being repeated *ad nauseam*. There is no proof of it. Mr. Chairman, the press is there and, I think, this thing has not been repeated in the Senate. I think, this is the first adjournment motion. Outside it has so many times been emphatically denied that there has been no bombing in any of the areas. Why should we do that ? The Army operations there are against some people who have taken to harassing the local population. In many cases the local population has asked for Army protection from the Maraders, those who want to close the schools, those who don't want the roads to be built, those who want to get shishak and want to jail the people. And, Sir, every time the question of the ouster of the NAP Government is brought in. The NAP Government was ousted because it was not obeying the law, because it was acting outside the Constitution. They had taken up arms against the local population itself. Have we forgotten that the whole Provincial Government took to surrounding certain tribes, starving them to death, and the whole machinery of law and order broke down. So the Federal Government had to discharge its responsibility under the Constitution and that is where the Federal Government stepped in. But there is no Federal Administration in Baluchistan. There is a Provincial Government. There is a Provincial Assembly holding its sessions. There is a legally constituted Government and in all these areas peace is returning. Some people are still in the hills and they have harassed the local population and have tried to disrupt the law and order situation. Those people are being dealt with. To say that victimisation of civilian population, raising up of their houses or that they are being bombed is totally incorrect. We are not following that policy.

Sir, I once again, on behalf of the Government, emphatically deny that there has been any bombing of this area or others mentioned in the adjournment motions.

**Mr. Chairman** : What is your reaction to the statement given by Mr. Khurshid Hasan Meer.

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** جناب چیئرمین ! مجھے خوشی ہوئی ہے کہ میرے محترم دوست نے مجھے موقعہ دیا اور انہوں نے ایسی باتیں اپنی تقریر میں کہیں جن کا جواب دینا میرے لئے ضروری ہو گیا - یہ کہنا کہ وہاں bombing نہیں ہوئی ہے ،

*Speech not corrected by the honourable Minister.

یہ بالکل غلط ہے - چالن کے area میں bombing ہوئی ہے چار آدمی مرے ہیں - دو آدمی پٹھان جو وہاں پر موسیٰ خیل سے کام کرنے آئے تھے یا مال مویشی پال رہے تھے - اُن کا نام record پر ہے ، وہ بھی مارے گئے ہیں - کوئٹہ میں آپ جائیں - کوئٹہ airport کے اوپر ایک اسکواڈرن مگ ۲۳ بمبرز اور سیبر جیٹ کا ہر وقت موجود ہوتا ہے - میں کوئٹہ سے آیا ہوں - میں دیکھتا رہا ہوں کہ یہ bombers ہر روز صبح کو اڑتے ہیں اور شام کو bombing کر کے واپس آتے ہیں بھمبور کے علاقے میں bombing ہوئی ہے یہ بالکل غلط کہتے ہیں ، جھوٹ بولتے ہیں اور لوگوں کی آنکھوں میں دھول ڈالتے ہیں -

**Mr. Chairman :** No, no, please withdraw this word 'Jhoot'.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai :** I withdraw, Sir.

وہ غلط بیانی سے کام لیتے ہیں - وہ کہتے ہیں کہ وہاں پر کچھ نہیں ہوا ، امن و امان ہے - جس دن ۲۳ تاریخ کو وزیر اعظم بھٹو صاحب وہاں پر پہنچے وہاں گولی چلی - اب اس بات سے بھی وہ انکار کریں گے کہ وہاں پر کچھ نہیں ہوا - امن و امان ہے - جب بھٹو صاحب ساڑھے چھ بجے وہاں پر پہنچے تو اُس رات ۹ بجے کوئٹہ شہر میں فائرنگ شروع ہوئی - تین سو راؤنڈ گولی چلی جو کہ کسی پہاڑ سے چل رہی تھی میرے گھر کے ساتھ - میں وہاں پر موجود تھا اور گولیوں کی آواز سنتا رہا - یہ سب لوگ جو کوئٹہ سے آئے ہیں یہ بھی آپ کو بتائیں گے اور یہ کہتے ہیں کہ بالکل کچھ نہیں ہوا - امن و امان ہے -

**جناب خورشید حسن میر :** نو (۹) آدمی پہاڑ پر چڑھ جائیں اور دس دس راؤنڈ چلائیں تو اس سے کیا بات ہے ؟ Government function کر رہی ہے - اسکول چل رہے ہیں - سڑکوں پر کام ہو رہا ہے -

**جناب چیئرمین :** آپ نے یہ کیوں کہا کہ میرے گھر کے پاس ایسا ہوا - آپ تو اس میں آلودہ نہیں -

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai :** Excuse me, Sir.

میں کہتا ہوں کہ میں وہاں تھا - میں خود سن رہا تھا - فائرنگ سے جو گولی چل رہی تھی وہ دکھائی دے رہی تھی - اس کے جو سرخ نشان تھے وہ دکھائی دے رہے تھے - تمام شہر کے لوگ دیکھ رہے تھے - وہ پریشان ہو گئے اور یہ کہتے ہیں کہ امن و امان ہے - وہاں پر کچھ ہوا ہی نہیں - اس قسم کی غلط بیانی سے یہ لوگ کام لیتے ہیں - باقی انہوں نے یہ کہا ہے کہ بھمبور اور کچی کے area میں کچھ نہیں ہوا - وہاں کے لوگوں کے جھونپڑے جلائے گئے ہیں - ان کے مال مویشی

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

مارے گئے ہیں - ان کے گھروں کو نقصان پہنچا ہے اور ایک جگہ چاما لان ہے وہاں پر bombing ہوئی ہے - وہاں پر میں اور ہماری پارٹی کے قائد عبدالولی خان ہم خود وہاں گئے - لورالائی - ڈکی اور کچی کے ایریا میں ہم نے ڈی - سی کو کہا کہ ہم اس علاقے میں جانا چاہتے ہیں - وہاں کا ڈی - سی بلوچستانی ہے اس کو ہم نے کہا کہ ہم وہاں جانا چاہتے ہیں اور دیکھنا چاہتے ہیں عبدالولی خان تھے اور نیشنل اسمبلی کے ممبر شیر باز مزاری بھی ہمارے ساتھ تھے - تو ہم نے کہا کہ ہم وہاں جانا چاہتے ہیں اور دیکھنا چاہتے ہیں کہ اس میں کتنی صداقت ہے - جو لوگ لورالائی سے آ رہے تھے ان لوگوں نے آن لوگوں کے نام ، ان پٹھانوں کے نام بتائے جو مارے گئے ہیں - ہمارے پاس ان لوگوں کے نام لسٹ پر ہیں جو مارے گئے ہیں - شیرباز خان مزاری نے کراچی میں ایک پریس کانفرنس میں ان لوگوں کے نام دئیے ہیں- یہ نام پریس میں آ چکے ہیں اور یہ انکار کرتے ہیں کہ ہوا ہی کچھ نہیں - وہاں پر ہمیں نہیں چھوڑا گیا -

**جناب چیئرمین :** نہیں نہیں - میں اتنی عرض کرتا ہوں - میرا مطلب یہ ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ وہاں کا ڈی - سی ہمارا آدمی ہے -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میرا مطلب یہ ہے کہ وہاں کا لوکل آدمی ہے - انہوں نے کہا ہے کہ وہاں امن و امان ہے bombing نہیں ہو رہی ہے repression نہیں ہو رہا ہے - repression کے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے ہزاروں آدمی جیلوں میں ہیں - ان کو پکڑ کر ان کے ہاتھوں میں nails ٹھونکی جاتی ہیں -

**جناب چیئرمین :** adjournment motion کے ساتھ اس کا کیا تعلق ہے ؟

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میں ان کی تقریر کا جواب دے رہا ہوں - انہوں نے کہا ہے بمباری نہیں ہوئی - میں نے عرض کیا ہے کہ بمباری ہوئی ہے یہ غلط کہتے ہیں -

**جناب خورشید حسن میر :** میرے خیال میں میں نے بلوچستان کے ہر کونے کا دورہ کیا ہے اس زمانے میں بھی کیا جب کہ آپ کے آدمی چاہتے تھے کہ وہاں peaceful election نہ ہوں- نیپ کے زمانے میں بھی کیا ہے - بعد میں بھی کیا ہے - وہاں bombing نہیں ہوئی -

**جناب چیئرمین :** اب میں کیسے کہہ دوں کہ ان کی بات غلط ہو سکتی ہے ؟ انھوں نے کہا ہے کہ میں نے بلوچستان کے ہر کونے کا دورہ کیا ہے ۔

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** نیشنل اسمبلی میں پیرزادہ صاحب نے کہا ہے کہ ۴ گھنٹے تک بمباری ہوئی ہے جب نیشنل اسمبلی میں debate ہوئی اس وقت ۔

**جناب چیئرمین :** پندرہ مئی کے بعد ۔ After 15th of May.

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** ہاں ، ہاں

**Mr. Chairman :** I do not know.

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میں حالات بتا رہا ہوں کہ ہمیں وہاں پر نہیں چھوڑا گیا ۔

**جناب چیئرمین :** مختصر کیجئے ۔

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** میں ان کو جواب دے رہا ہوں ۔ یہ کہتے ہیں کہ وہاں پرامن و امان ہے ۔ وہاں پرامن و امان نہیں ہے ۔ رات کو گیارہ بجے کے بعد کوئٹہ شہر میں کرفیو لگ جاتا ہے ۔ کوئی آدمی گھر سے نہیں نکل سکتا ۔ ان کی تلاشیاں لی جاتی ہیں ، وہاں پر فائرنگ ہوتی ہے وہاں پر سول انتظامیہ معطل ہو چکی ہے ۔ بمباری ہو رہی ہے ۔ فوج لوگوں کو مار رہی ہے ۔ لوگوں کو پکڑ کر جیلوں میں ڈالا جا رہا ہے ۔ ان کو جیلوں میں طرح طرح سے تنگ کیا جاتا ہے ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ مہربانی کر کے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** ٹھیک ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ کچھ نہیں ہوا اور آپ کہتے ہیں کہ سب کچھ ہوا ہے تو اب اس کا فیصلہ کیا جائے ۔ آپ نے کہہ دیا انھوں نے کہہ دیا ۔ وہ انکار کرتے ہیں کہ bombing نہیں ہوئی ۔ آپ کہتے ہیں کہ bombing ہوئی ہے ۔

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** اس علاقے میں bombing ہوئی ہے میں بھی ایک ذمہ دار آدمی ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** میں نہیں کہتا کہ آپ غیر ذمہ دار ہیں یا وہ غیر ذمہ دار ہیں ۔ میں یہ بھی نہیں کہتا کہ آپ غلط کہتے ہیں یا وہ غلط کہتے ہیں ۔ لیکن آپ دونوں میں سے ایک ضرور غلط ہے ۔ دونوں درست نہیں ہو سکتے ۔ ایک بات ۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ یہ adjournment motion ۲۵ کو کیوں نہیں لائے ۔ ۲۶ کو کیوں لائے ہیں ؟

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب اس دن ٹائپ ہو رہا تھا ۔

جناب چیئرمین : چلو معاف کر دیتے ہیں ۔

جناب خورشید حسن میر : میں جناب کی توجہ رول 71(b) کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : اس میں کیا لکھا ہے ۔ اس میں یہ لکھا ہے نیشنل اسمبلی میں discuss ہوا ہو تو یہاں discuss نہیں ہو سکتا ۔

جناب خورشید حسن میر : وہاں پر نیشنل اسمبلی میں انھوں نے بلوچستان کا مسئلہ پیش کیا تو ہم نے کہا کہ آئیے اس پر debate کر لیتے ہیں تاکہ یہ ساری باتیں اور جتنے بھی الزامات ہیں عوام کے سامنے آ جائیں اور وہاں اس پر debate ہوئی ہے ۔

جناب محمد ہاشم غلزئی : میں عرض کرتا ہوں کہ بھمبور کا واقعہ نیشنل اسمبلی کی debate کے بعد ہوا ہے ۔ جون کا جو واقعہ ہے ۔ اس کے بعد یہ ہوا ہے ۔

جناب چیئرمین : یہ تو کہیں جون میں ہوا ہے ۔

جناب خورشید حسن میر : ۲۷ جون کو اس پر نیشنل اسمبلی میں بحث ہوئی ہے ۔ آپ نے کون سی تاریخ کا واقعہ بتایا ہے ؟

جناب چیئرمین : وہ کہتے ہیں second week of June میں ہوا ہے ۔

جناب خورشید حسن میر : ۲۷ جون کو نیشنل اسمبلی میں اس پر بحث ہوئی ہے ۔

جناب چیئرمین : غلزئی صاحب مجھ سے اتفاق کریں گے ۔

**Mr. Khurshid Hasan Meer** : Sir, the Law Minister refuted all these allegations on the 27th of June in the National Assembly.

جناب چیئرمین : یہ جو واقعہ ہے کہ بھمبور میں ہوائی جہازوں سے بمباری ہوئی ہے جون کے دوسرے ہفتے کا آپ یہ واقعہ بتا رہے ہیں ۔ ۲۷ جون کو اس کے واقعہ کے بعد نیشنل اسمبلی میں بلوچستان کے حالات پر پوری طرح بحث ہوئی ہے ۔ اس وقت بھمبور میں بمباری ہو چکی ہوگی کیوں کہ یہ جون کے دوسرے ہفتہ کا واقعہ ہے اور اس واقعہ کے ۱۰-۱۵ دن بعد جب بلوچستان کے حالات کے بارے میں فل بحث ہو چکی ہے تو میرے خیال میں اس کا کوئی جواز نہیں رہ جاتا ۔ میرے خیال میں آپ رول ۷۱(ڈی) کا جواب دیں ۔

The House "shall not revive discussion on a matter which has been discussed in the same session or in the Assembly within the last six months".

اگر کسی معاملہ پر بحث ہو گئی ہو - - - -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** ۲۷ جون کو اسمبلی میں جنرل بحث ہوئی ہے - اس میں کہیں ذکر نہیں کہ اس بھمبور کے علاقے میں جو بمباری ہوئی ہے اس پر بحث کی گئی ہو کیونکہ یہ واقعہ اخبار میں نہیں آیا اس وجہ سے اس واقعہ کا اس نیشنل اسمبلی کی بحث میں کہیں ذکر نہیں ہے - آپ پروسیڈنگ دیکھ لیں -

**جناب چیئرمین :** آپ میری استدعا تو سن لیں -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** ۲۷ جون کو جو بحث ہوئی ہے - اس میں بھمبور کے مقام پر بمباری کا کہیں ذکر نہیں ہے -

**جناب چیئرمین :** نہیں ہے ناں ؟

(مداخلت)

**جناب چیئرمین :** بھمبور کے علاقے میں جو بمباری ہوئی ہے - اس کا نیشنل نیشنل اسمبلی کی بحث میں ذکر نہیں ہے ناں ؟

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** جی نہیں -

**جناب چیئرمین :** پھر تو ان کی بات درست ہے - اگر کوئی واقعہ ہوتا تو ضرور اس کا بحث میں ذکر ہوتا -

**جناب محمد ہاشم غلزئی :** ہم یہاں نہیں تھے - کون بتاتا - سب جیل میں تھے -

**جناب خورشید حسن میر :** قومی اسمبلی کے سب ممبران موجود تھے - محدود سے ایریا میں ہوئی ہے - مینگل اور مری دو ٹرائبز ایسے ہیں - یہ دو pockets ہیں جہاں کچھ واقعات ہوئے ہیں -

(مداخلت)

**جناب خورشید حسن میر :** آپ کہتے ہیں کہ سارے بلوچستان میں ہوئے ہیں - ۲۷ جون کو جو بحث ہوئی ہے اس میں اس کا کہیں ذکر نہیں ہے -

**جناب چیئرمین :** وہ کہتے ہیں ۲۷ جون کو نیشنل اسمبلی میں بلوچستان کے حالات کے بارے میں بحث ہوئی ہے اس میں اس واقعہ کا کہیں ذکر نہیں ہے - انہوں نے انکار کیا ہے - اس انکار کا یہ نتیجہ ہوگا کہ میں مجبوراً ان کی بات مانوں گا -

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! نیشنل اسمبلی میں بحث ہوئی تھی - نیشنل اسمبلی نے ایک وفد بلوچستان بھیجا تھا تا کہ وہاں جا کر بلوچستان کے حالات دیکھے ، لوگوں سے حالات معلوم کرے اور اس کی رپورٹ اسمبلی کو دے - وہ رپورٹ جو اس وفد نے پیش کی تھی نیشنل اسمبلی میں اس پر بحث ہوئی تھی - یہ وفد نیشنل اسمبلی کی طرف سے گیا تھا -

**جناب چیئرمین :** اتنا تو مجھے بھی یاد ہے -

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** I would like to put this matter right, Sir. It is not correct. The point is that this is an old story.

اصل بات تو یہ ہے کہ وہاں پر صوبائی اسمبلی بلوچستان میں اس طرح کی متعدد ایڈجرنمنٹ موشنز آتی ہیں کہ یہ ہو رہا ہے ، وہ ہو رہا ہے - فلاں جگہ بمباری ہوئی ہے - ہمارا موقف بالکل واضح ہے - پرائم منسٹر صاحب بار بار کہہ چکے ہیں - ۱۵ مئی کے بعد ملٹری اپریشن as such بند کر دیئے گئے ہیں - اگر کسی جگہ وہاں کوئی واقعہ ہوتا ہے - لوکل پاپولیشن میں کوئی واقعہ ہوتا ہے - communication میں کوئی واقعہ ہوتا ہے - اس پر ایکشن لینا قدرتی بات ہے - وہ تو ضرور ہوگا -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میری گزارش ہے - اس مسئلے پر اس ایوان میں بھی بحث ہو جائے -

**جناب خورشید حسن میر :** یہ تو رول کی خلاف ورزی ہے -

We can't do that.

۱۵ مئی کے بعد کے جو حالات ہیں ان پر نیشنل اسمبلی میں بحث ہو چکی ہے -

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! میں گزارش کروں گا کہ نیشنل اسمبلی میں بھی اس طرح کے ایڈجرنمنٹ موشن آتے رہے ہیں - نیشنل اسمبلی نے ایک وفد بنایا تھا - اسے بلوجستان بھیجا تھا تاکہ وہاں کے حالات معلوم کر کے آئے - یہ وفد وہاں گیا تھا - اس کی رپورٹ پر نیشنل اسمبلی میں بحث ہوئی تھی - اس طرح سینٹ کے ممبروں کا بھی ایک وفد بنایا جائے - یہ میں آپ کی وساطت سے گزارش کروں گا کہ اس تجویز کو منظور کیا جائے - یہ وہاں جائے گا اور وہاں کے حالات دیکھے گا - اس طرح تو یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا کہ ایک طرف سے الزمات لگائے جا رہے ہیں اور

دوسری طرف سے انکار کیا جا رہا ہے - وہ جو رپورٹ آئے گی اس پر سینٹ میں بھی بحث ہو جائے گی - میری یہ گزارش اور تجویز ہے - میں گورنمنٹ پارٹی سے گزارش کروں گا کہ وہ اسے منظور کریں - یہاں پربلوچستان کے سلسلے میں پانچ چھ ایڈجرنمنٹ موشن ہیں - جو رپورٹ آئے گی تو پھر ان پر بحث ہو جائے گی -

**جناب خورشید حسن میر* :** جناب والا ! بڑی مشکل بات ہے - واضح طور پر حزب اختلاف کی جانب سے یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ بلوچستان میں عام بغاوت پھیلی ہوئی ہے - یہ بالکل غلط ہے - جناب والا ! نیشنل اسمبلی کا وفد وہاں گیا - وہ لوگوں سے ملا - پھر اس رپورٹ پر نیشنل اسمبلی میں بحث ہوئی - اس کے بعد انہوں نے مانا تو نہیں ہے کہ وہاں حالات بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں - وفد کے ساتھ پاکستان میں جتنے بھی بیرونی ممالک کے سفیر ہیں وہ بھی کوئٹہ گئے تھے اور کوئٹہ سے باہر بھی گئے تھے - انہوں نے وہاں کی آبادی کے خیالات سنے - ان کے جذبات دیکھے - وزیراعظم صاحب سارے بلوچستان کا دورہ کر رہے ہیں - ان کے ساتھ اخبار نویس گئے ہوئے ہیں - ان کا یہ کہنا کہ فلاں جگہ نہیں جانے دیا ، کس کو جانے دیا اور کسی کو نہیں جانے دیا ، یہ صوبائی حکومت کا مسئلہ ہے - صوبائی اسمبلی میں آپ کے ممبر موجود ہیں - یہ صوبائی مسئلہ ہے - ولی خان کو کس نے کسی جگہ پر جانے سے روکا ہے ؟ جناب والا ! یہ غلط قسم کے الزامات ہیں ، جو لگائے جا رہے ہیں -

**Mr. Chairman :** All right.

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! آپ اجازت دیں کہ وہاں پر ایک وفد بھیجا جائے - اس وفد میں گورنمنٹ پارٹی کے ممبر بھی ہوں گے -

**جناب خورشید حسن میر :** آپ کو روکا کس نے ہے ؟ پاکستان کے کسی حصہ میں جانے کے لیے اجازت کی ضرورت نہیں ہے - آپ کو کس نے روکا ہے ؟

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! میری گزارش یہ ہے کہ وفد کی رپورٹ یہاں پر آ جائے گی اور اس پر بحث ہو جائے گی -

**جناب چیئرمین :** آپ وہاں جا سکتے ہیں - سیر تفریح کر آئیں - آپ کو کس نے روکا ہے ؟ آپ اس مسئلہ پر ریزولوشن لا سکتے ہیں - موشن لا سکتے ہیں -

**جناب شہزاد گل :** میری گزارش یہ ہے کہ اس طرح یہ مسئلہ ختم ہو جائے گا - اس طریقے سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا کہ ایک طرف سے الزامات لگائے جا رہے ہیں اور دوسری طرف سے انکار کیا جا رہا ہے - یہ مسئلہ اسی طرح ختم ہوگا کہ ایک وفد بنائیں اور اسے بلوچستان بھیجیں -

*Speech not corrected by the honourable Minister.

جناب چیئرمین : اس طرح یہ مسئلہ ختم نہیں ہوگا - یہ چلتا رہے گا -

There are always two sides, you see, Treasury Benches and the Opposition.

اس طرح مسئلہ کب ختم ہوتا ہے ؟

جناب شہزاد گل : میں اکیلا چلا گیا تو مجھے روکا جائے گا - اگر سینٹ کی طرف سے وفد بھیجا جائے تو ٹھیک ہے -

جناب چیئرمین : اگر آپ کو کسی نے روکا تو مجھے ٹیلیگرام بھیج دینا کہ مجھے فلاں جگہ پر جانے سے روک دیا گیا ہے - پھر میں دیکھوں گا -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! میری جو رپورٹ ہوگی اس پر بحث نہیں ہو سکے گی - ضرورت یہ ہے کہ جو رپورٹ آئے اس پر بحث ہو سکے - وفد کی جو رپورٹ آئے گی اس پر بحث ہو سکے گی -

جناب چیئرمین : مجھے فیصلہ تو کرنے دیں -

جناب شہزاد گل : فیصلہ سے پہلے میری گزارش تو سن لیں - - - -

جناب چیئرمین : اس وفد کا اس ایڈجرنمنٹ موشن کے ساتھ کیا تعلق ہے ؟ چونکہ ذمہ دار وزیر نے ان الزامات سے انکار کر دیا ہے ، جو لگائے گئے ہیں اور میرے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے کہ بھمبور میں ہوائی جہازوں کے ذریعے بمباری کی گئی ہے ، اس لیے میں مجبور ہوں کہ اسے رول آوٹ کر دوں -

So it is ruled out.

next کس کی ہے -

خواجہ محمد صفدر : میری ہے - کون سی ہے ؟

جناب چیئرمین : میں نے پڑھی نہیں ہے - آپ پڑھیں تو سہی next -

## ADJOURNMENT MOTION RE : HEAVY BOMB ATTACK ON CHAMALANG RANGE IN LORALAI DISTRICT OF BALUCHISTAN

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely :—

"The Chamalang Range in the Loralai District of Baluchistan inhabited by Marri tribesmen was subjected to

heavy bomb attack by the air force between 12th and 20th June 1974, as a result of which numerous unarmed, innocent people, including women and children, were killed and their livestock and other belongings destroyed. Several Marri settlements in the area were razed to the ground. Haji Nasir and his son Shero of the Marri tribe were seized by the army, lined up and shot dead along with five other men, during the same period.

This unwarranted attack on peaceful citizens of Pakistan and the shooting of innocent citizens have caused grave resentment amongst the public".

**Mr. Chairman** : How far is this place Chamalang situated from Bambore appoximately ?

**Khawaja Mohammad Safdar** : They are different districts.

**Mr. Chairman** : I see.

**Mr. Khurshid Hasan Meer** : First of all the facts are denied and secondly, under rule 71(*d*) of the Rules of Procedure the motion cannot be discussed because this incident has already been discussed in the National Assembly.

**Mr. Chairman** : You deny aerial bombing on this area ?

**Mr. Khurshid Hasan Meer** : No aerial bombing was done in Chamalang. Moreover, rule 71 (*d*) bars it.

**Mr. Chairman** : What do you say about that ?

There are two objections, firstly, that nothing of the sort took place in Chamalang and, secondly, that this matter had been discussed in the National Assembly within six months.

**Khawaja Mohammad Safdar** : As far as the discussion which has taken place in the National Assembly is concerned, I would submit, as my leader has already pointed out to you, that all these facts came to light after that debate and not before that debate because there is no communication between those people, who have gone into the hills and those who are here in Islamabad or in Quetta. Therefore, for lack of communication the news from that area trickled out after a very long time. As far as I know, during the last session, at least I was not aware of these facts and they have come to my notice now, when I came to Islamabad. Therefore, I have put up the facts in this motion for consideration of this august House. I will again request the honourable Minister and the Treasury Benches to consider this proposal whether it will not be befitting and appropriate for august House to discuss the Baluchistan issue once for all. That will, of course, be useful thing in this respect as well that the Government will be in a position to make their case clear before the public of this country and the Opposition, if we have got any proof of bombing or straffing or anything of the sort, we will also bring that proof and place if before this august House. I think, it is a very good suggestion and I would humbly request the

[Khawaja Mohmmad Safdar]

Treasury Benches to accept it. Secondly, I will again reiterate what my honourable friend, the Senator from this side, has stated that let there be a deputation formed from both sides of the House and it should be sent officially to all these places. The deputation would itself look whether these allegations are correct or not. From my point of view, it will be a great service to the nation if some of the Members of this august House go there and see these things personally.

With these remarks I resume my seat.

**Mr. Chairman :** You have suggested, firstly, that a deputation be sent to that area to make inquiry and submit its report to the House and, secondly, that the Government should accept your demand for a full-fledged debate. But you have said nothing about this motion. Do you withdraw it ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** I don't move any motion to withdraw.

**Mr. Chairman :** But you have not said anything about the technical objections.

**Khawaja Mohammad Safdar :** If I did not say anything, I am sorry. I think, I have already expressed my opinion.

**Mr. Chairman :** Two technical objections have been raised but you have said about a deputation and a full-fledged debate. They are different things. Two technical objections have been raised by Mr. Khurshid Hasan Meer, firstly, that the allegations contained in the motion are totally denied and, secondly, that this adjournment motion is hit by rule 71 (d). Please say something in that regard.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! جہاں تک پہلے اعتراض کا تعلق ہے - میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے پاس ایسے ذرائع نہیں ہیں - جن سے ہم اصل حالات معلوم کر سکیں - اس تمام علاقے کو فوج نے گھیرا ہوا ہے - کوئی شخص فوج کی مرضی کے بغیر اس علاقے میں داخل نہیں ہو سکتا - اس میں پورا مری کا علاقہ بھی آ جاتا ہے - اس کو فوج کے کنٹرول میں دیا گیا ہوا ہے اور گورنمنٹ اس بات کو تسلیم کر چکی ہے - اس علاقے میں کسی شخص کو نہ اندر جانے دیا جاتا ہے اور نہ باہر آنے دیا جاتا ہے - ماسوائے اس صورت کے کہ وہ لوکل فوجی اتھارٹی سے اجازت حاصل کرے - خان عبدالولی خاں جیسے ذمہ دار شخص کو بھی جو کہ نیشنل اسمبلی میں حزب اختلاف کے راہنما ہیں - وہاں جانے کی اجازت نہیں دی گئی تو میرے جیسے آدمی کو کیسے اجازت مل سکتی ہے - وہاں ڈپٹی کمشنر نے خان صاحب کو کہا

you can't go اور جہاں تک دوسرے اعتراض کا تعلق ہے - اس پیرا (d) رول ۱ے سے تعلق ہے - ہمارے پاس انفارمیشن کا کوئی ذریعہ نہیں ہے - ماسوائے اس کے کہ وہاں سے کوئی آدمی آئے اور اپوزیشن کے آدمیوں کو اپنا ہمدرد خیال کرتے ہوئے حالات بتائے کہ وہاں یہ ہو رہا ہے اور ہم اس ایوان میں اس کو تحریری طور پر پیش کریں - I must confess - میں عرض کر رہا تھا کہ کوئی ذرائع آمد و رفت نہیں ہیں - دوسری صورت میں ہم اس آدمی کو بھی یہاں پیش نہیں کر سکتے کیونکہ قواعد اس کی اجازت نہیں دیتے - اس کے علاوہ ہمارے پاس کوئی اطلاع نہیں ہے -

**Mr. Chairman** : In view of the emphatic denial from the Government side of the allegations, I have no altrenative but to rule out the adjournment motion.

Now, half an hour fixed, for adjourment motions is over. We come to legislative business.

Yes, Mr. Khurshid Hasan Meer, yot move your motion.

## THE DANGEROUS CARGOES (AMENDMENT) BILL, 1974

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** I beg to move :

"That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill further to amend the Dangerous Cargoes Act, 1953 [The Dangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be dispensed with."

**Khawaja Mohammad Safdar :** Not opposed.

**Mr. Chairman :** Motion moved. The question is :

"That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill further to amend the Dangerous Cargoes Act, 1953 [The Dangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1974], as reported by thc Standing Committee, be dispensed with."

(*The motion was adopted*)

Next motion, please.

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** I beg to move :

[Mr. Khurshid Hasan Meer]

"That the Bill further to amend the Dangerous Cargoes Act, 1953 [The Dangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Mr. Chairman :** The motion is :

"That the Bill further to amend the Dangerous Cargoes Act, 1953 [The Dangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! ایک نہایت چھوٹا سا بل ہے اور میری گزارشات بھی اسی حساب سے مختصر ہوں گی ۔

جناب والا ! بنیادی طور پر اصل قانون میں جو چند ایک ترامیم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے ، اس کے ساتھ مجھے اتفاق ہے ۔ وہ formal قسم کی ترامیم ہیں ۔ مثال کے طور پر اصل قانون میں کمانڈرانچیف آف دی پاکستان آرمی لکھا ہوا ہے ۔ اب اس قسم کا کوئی عہدہ ہماری فوج میں نہیں ہے ۔ اس لیے ہمارے آئین میں اسی عہدے کے لیے جو لفظ اس وقت استعمال ہوا ہے ، قدرتی طور پر تمام قوانین میں جہاں جہاں وہ الفاظ پائے جاتے ہیں ، اُن کو ترمیم کیا جانا ضروری ہے ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کلاز ۳ ، ۴ اور کسی حد تک کلاز ۵ کو ملا کر اگر صرف ایک کلاز بنا لی جاتی کہ جہاں کہیں بھی کمانڈرانچیف آف دی پاکستان نیوی لکھا ہوا ہے ، اس کی جگہ چیف آف دی نیول سٹاف پڑھا جائے تو بھی حکومت کا مقصد حاصل ہو سکتا تھا ۔ مجھے افسوس ہے کہ ڈرافٹنگ حد درجہ ناقص ہوئی ہوتی ہے ، آپ خود کلاز ۲ دیکھیں ۔ اس کے ذریعہ اصل قانون میں جہاں کہیں "سنٹرل گورنمنٹ" کے الفاظ درج ہیں ، وہاں "فیڈرل گورنمنٹ" درج کئے جائیں گے ۔ سیدھی سی بات ہے ۔ تین کلازز کی بجائے صرف ایک کلاز سے کام نکل سکتا تھا ۔ کم از کم دو کلازز اس مسودۂ قانون میں درج کرنے کی بجائے ایک کلاز سے کام نکال سکتے تھے ۔ کہ جہاں کہیں "کمانڈرانچیف آف دی پاکستان نیوی" لکھا ہے ، وہاں "چیف آف دی نیول سٹاف" لکھا جائے ۔ ایک تو مجھے یہ اعتراض ہے ۔ میرا دوسرا اعتراض یہ ہے ، اور وہ بھی میرا خیال ہے ڈرافٹنگ غلط ہے بل کے بنیادی اصول سے مجھے اختلاف نہیں ہے ۔ اصل قانون، یعنی ڈینجرس کارگوز ایکٹ ۱۹۵۳ء میں سیکشن ۲، کلاز I(اے) میں لفظ تو ایک لکھا ہوا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

*(Interruption)*

اس سے زیادہ میں کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔

**جناب خورشید حسن میر*** : جناب والا ! میں آنرایبل سینٹر کا شکر گزار ہوں کہ جو ابتدائی تقریر مجھے کرنی تھی ، وہ بھی انھوں نے میری طرف سے کر دی ہے - انھوں نے جو اعتراض فرمایا ہے کہ اگر ایک ہی امینڈنگ کلاز ہوتی ، تو آسان ہوتا اور جہاں جہاں کمانڈرانچیف لکھا ہو وہاں چیف آف دی نیول سٹاف کر دیتے - اگر اس طریقے سے کام بن جائے تو یقیناً ان کا اعتراض درست ہوتا لیکن اگر وہ غور فرمائیں تو اس طرح سے کام نہیں بنتا - مثلاً ترمیم نمبر ۳ ، سیکشن ۵ کو دیکھئیے - اس میں ''کمانڈرانچیف آف دی پاکستان نیوی'' کو پورا ہی ''چیف آف دی نیول اسٹاف'' سے تبدیل کرنا ہے - چنانچہ اس طرح سے کام نہیں بنتا - آگے دیکھیں - کسی جگہ صرف کمانڈرانچیف کو بدلنا ہے - ورنہ کمانڈرانچیف آف دی سٹاف آ جائے گا - کسی جگہ کمانڈرانچیف آف دی پاکستان نیوی کو بدلنا ہے ، آرمی آ جائے گا - کلاز تین میں چیف آف دی نیول اسٹاف ہے - ورنہ بڑا آسان کام تھا - ہمارے ڈرافٹنگ والے اتنی اہلیت رکھتے ہیں - یہ مشکل اس طرح آسان نہیں ہوتی ورنہ کر لیتے - Stowage والی بات بھی اسٹینڈنگ کمیٹی میں آئی تھی - وہ آسان ہے - جب اس پر آئیں گے تو میں عرض کروں گا -

[*At this stage the Presiding Officer* (*Mr. Qamaruz Zaman Shah*) *occupied the Chair*]

**Mr. Presiding Officer** : The question before the House is :

"That the Bill further to amend the Dangerous Gargoes Act, 1953 [TheDangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

(*The motion was adopted*)

Now, Clause 2, amendment of section 2, Act V of 1953.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I would like to oppose it. There is an amendment from my side but I wouldn't like to move it.

جناب والا ! میں آپ کی توجہ اس اصل پیرے کی طرف دلانا چاہتا ہوں جس میں یہ ترمیم کرنے کی تجویز کی گئی ہے -

Section 2 of Dangerous Cargoes Act, 1953 Para 1 (a)

(a) Dangerous Cargoes means any cargoes containing any goods shown as explosives in the Comprehensive Classified List of the Government Explosives compiled and issued by Explosive Stowage and

---

*Speech not corrected by the honourable Minister.

[Khawaja Mohammad Safdar]

Transport Committee, which has been accepted and approved by the Central Government or any ammunition ; or ''

جناب والا ! اس کی تیسری سطر میں دیکھیں گے کہ Stowage کا لفظ استعمال ہوا ہے - اس ترمیمی بل کے ذریعے اس ''Stowage'' کے لفظ کو لفظ ''Storage'' سے تبدیل کرنا چاہتے ہیں - اس پر میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ stowage کوئی عام لفظ نہیں ہے - اس سے میری مراد یہ ہے کہ یہ ایک کمیٹی کا نام ہے جس میں یہ لفظ آتا ہے - Explosive Stowage and Transport Committee - اس میں Explosive کا 'E' Stowage کا 'S' - Transport کا 'T' اور کمیٹی کا 'C' سارے حروف Capital ہیں - اس لیے اگر وزیر صاحب اس کمیٹی کے نام کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اور بات ہے لیکن اس کا کوئی فائدہ یا ضرورت نہیں - کمیٹی کے نام کو تبدیل کرنے کے ساتھ اگر اس کمیٹی کے فرائض میں کوئی تبدیلی آتی ہو ، تو پھر تو وزیر صاحب کی ترمیم کو مانا جا سکتا ہے لیکن اگر stowage اور storage کے وہی معنی ہوں ، دونوں ہم معنی الفاظ ہوں ، تو پھر اس صورت ہیں اس ترمیم کی ضرورت نہیں ہے - پہلی بات یہ ہے کہ اگر لفظ Stowage ہی رہنے دیا جائے تو اس سے کمیٹی کے فرائض میں کوئی تبدیلی نہیں آتی - اس سارے بل کو ، اس سارے ایکٹ کو آپ ملاحظہ فرمائیں تو آپ اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ یہ ایکٹ اس غرض کے لیے بنایا گیا ہوا ہے کہ کسی وقت خدانخواستہ کسی جہاز میں آگ لگ جائے تو اس وقت کون کون سے افسر کے ذمے کیا کیا کام ہوگا اور اس سلسلے میں یہ بھی فیصلہ کرنا ہے کہ وہاں اس قسم کے افسر منتخب کئے جائیں جو یہ دیکھیں کہ آتش گیر مادہ یا گولہ بارود اگر کسی جہاز میں رکھا گیا ہے تو وہ ایک خاص ترتیب سے رکھا جائے ، جس سے کہ اس کے پھٹنے کا اندیشہ کم ہو - میں نے یہ سارا ایکٹ پڑھا ہے - اس میں کہیں یہ ذکر نہیں ہے کہ ساحل پر آ کر انہیں کس طریقہ سے رکھنا ہے - اگر ساحل پر کوئی حادثہ یا واقعہ ہو جائے تو اس پر کیسے قابو پانا ہے - اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر بہ فرض محال یہ بھی غرض ہو تو اس غرض کے حصول کے لئے ایکٹ میں اور بھی ترامیم لانی پڑیں گی - جیسا کہ ان کی موجودہ ترمیم سے ظاہر ہے کہ یہ کوئی ترمیم نہیں کرنا چاہتے ہیں - بہر حال انہوں نے یہاں ایک افیسر کی ایک نئی آسامی پیدا کی ہے - شاید کسی منظور نظر کا تقرر مقصود ہو تو اس صورت میں یہ بھی مانے لیتا ہوں -

The meaning of Stowage in the Shorter Oxford Dictionary is on board ship, or goods in a ship.

اگر یہ مطلب ہے کہ ہم ساحل پر کہیں ان کا اس قسم کا آتش گیر مادہ گولہ بارود

رکھنا چاہتے ہیں ، سٹور کرنا چاہتے ہیں تو ایک خاص ترکیب سے سائنسی اعتبار سے ان کو اسٹور کیا جائے گا کہ وہاں آگ لگنے کے کم سے کم سواقع ہوں تو اس صورت میں اگر گورنمنٹ کا یہ مطلب ہو ، اگرچہ اس ایکٹ میں یہ مطلب بھی نہیں ، تو بھی سٹوئیج stowage لفظ کے متن کے اعتبار کے لحاظ سے بھی وہ مطلب لفظ "سٹوئج" سے پورا ہوجاتا ہے تو اس صورت میں میں نہایت ادب سے گزارش کروں گا کہ اچھے بھلے قانون کی کیوں مٹی خراب کر رہے ہیں موجودہ قانون اچھا بھلا بنا ہوا ہے تو وزیر صاحب اس میں کچھ اس قسم کی ترمیمیں پیش کر کے کیوں اس کی شکل و صورت کو بگاڑ رہے ہیں ۔

ایک ہم ہیں کہ لیا اپنی ہی صورت کو بگاڑ
ایک وہ ہیں جنھیں تصویر بنا آتی ہے

ان الفاظ کے ساتھ گزارش کروں گا کہ اس کلاز کو مسترد کر دیا جائے ۔

**جناب صدارت کنندہ افسر :** میر صاحب ۔

**جناب خورشید حسن میر :** جناب والا ! میں اس بات پر بڑا خوش ہوا ہوں کہ خواجہ صاحب قوانین کا اس غائر نظر سے مطالعہ فرماتے ہیں ۔ اتنی محنت فرماتے ہیں لیکن تھوڑی سی کسر رہ جاتی ہے ۔ ایک انچ کی کسر ہمیشہ رہ جاتی ہے ۔

**جناب صدارت کنندہ افسر :** غلط کتاب ہاتھ میں آ جائے تو ۔

**جناب خورشید حسن میر* :** جناب والا ! بات یہ ہے کہ انھیں حکومت پر اعتماد نہیں ہے ۔ ان کی طبیعت میں یہ ہے کہ تبدیلی نہ ہو ۔ اب تبدیلی تو ہم کریں گے کیوں کہ ہم تبدیلی کرنے کے لئے ہیں ۔ لوگ تبدیلی چاہتے ہیں ، سارے نظام میں ۔ اتنی چھوٹی سی بات کے لئے اتنی لمبی تقریر کر دی ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ فرماتے ہیں کہ سارے قانون میں کہاں زمین پر سٹوئج کا ذکر آیا ہے ؟ اگر اس کا ذکر ہی نہیں تو آپ کو ضرورت کیوں پڑی ؟ اگر آپ نے سارا قانون اتنے غور سے پڑھا ہے تو سیکشن ٦ دیکھئے ۔ سیکشن : ٦ سی ۔

Over any land within the limits of a any port.

اب اگر آپ کی تسلی ہو گئی ہے تو عرض کردوں اگر سٹوئج کا لفظ آپ کو پسند آ گیا ہے۔ ڈکشنری دیکھ کر تو ہمیں بھی ناپسند نہیں ہے ۔ یہ سٹوئج کا لفظ اس قانون

*Speech not corrected by the honourable Minister.

[Mr. Khurshid Hasan Meer]

میں آگے جا کر لکھا ہے اور ہم اس کو تبدیل نہیں کر رہے ہیں یہ دیکھئے۔ سیکشن ۲ سی۔ اس میں لکھا ہے کہ :

Section 2 (c) reads :—

"(c) Prohibited dangerous goods, that is to say, goods classified as dangerous in the stowage Instructions."

تو اگر ہمیں اتنی کد ہوتی بیکار قسم کے لفظ سٹوئج سے تو ہم اس کو بھی تبدیل کر دیتے لیکن اس کو تبدیل نہیں کر رہے ہیں۔ اس کی بڑی simple سی وجہ ہے۔ جہاں instructions کا ذکر ہے ان کی کتاب میں یہ نام لکھا ہے Government Stowage Instructions اور پھر جس کمیٹی کا ذکر ہے اس کمیٹی کا نام Storage Committee ہے اور یہ بیس سال سے غلط نام چلا آتا تھا اور ہم چوں کہ یہ ترمیم قانون میں کر ہی رہے تھے تو ہم نے کہا ایک وہ غلطی جو مدت سے چلی آ رہی ہے اسے بھی ٹھیک کر دیں۔ اتنی سی بات ہے۔

**Mr. Presiding Officer :** I will put the clause to vote.

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Because there is no amendment to Clauses 3, 4 and 5 all the three shall be put to vote together alongwith Clause 2.

وہ تمام amendments ساری اکٹھی پٹ ہوں گی۔

**Mr. Presiding Officer :** The question before the House is :

"That Clauses 2, 3, 4, and 5 stand part of the Bill.

(*The motion was adopted*)

Now, the Clause 6 is under consideration.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں اس کلاز کی بھی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں۔ جناب والا ! اس کلاز کی مخالفت اس لئے کر رہا ہوں کہ اس کلاز میں ایک ٹیکنیکل ایڈوائیزر مقرر کرنے کا اختیار ہمارے ارباب اختیار حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے اس بل میں بھی ملاحظہ کیا ہوگا ، بحری فوج کے بڑے بڑے افسر جو اس کام سے متعلق ہیں اور ذمہ دار ہیں کہ کس طرح گولہ بارود کو سٹوریج یا سٹوئج کیا جائے اور کس طرح کون سے حفاظتی اقدامات بندرگاہ کی حفاظت کے لئے کیے جائیں اور جہاں تک مجھے معلوم ہے یہ تمام ، افسر بڑے فنی ماہر ہوتے ہیں۔ ان کے ہوتے ہوئے اخراجات میں اضافہ کرنا اور خواہ مخواہ ایڈمنسٹریشن پر مزید اخراجات کا

بوجھ ڈالنا میرے خیال میں دانش مندی نہیں ۔ اس قسم کی نئی نئی آسامیاں پیدا کرنے کا نتیجہ یہ ہے کہ گزشتہ دو ڈھائی سال میں اگرچہ ملک آدھا رہ گیا ہے لیکن ہماری سول ایڈمنسٹریشن کا خرچہ چار بلکہ پانچ گنا بڑھ گیا ہے ۔ ہمارا ملک ایک غریب ملک ہے ۔ ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ جز رسی) سے کام لیں ۔ ہم کوشش کریں کہ جہاں ایک روپیہ کا مصرف ہو وہاں پون روپیہ خرچ ہو اور ہمیں ایک روپیہ کی بجائے دو ۔ تین ۔ چار روپے خرچ نہیں کرنے چاہئیں ۔ جو سرمایہ ہمارے ملک کے خزانے میں جمع ہوتا ہے وہ اس ملک کے لوگوں کے گاڑھے پسینے کی کمائی ہے اور حکومت کے پاس ایک قسم کا ٹرسٹ ہے ۔ ایک قسم کی امانت ہے ۔ اگر اس امانت کو درست طریقے پر اور سوچ سمجھ کر خرچ کیا جائے تو یہ امین کہلائیں گے اور اگر اسے پرایا مال سمجھ کر ناناجی کی فاتحہ دلانی شروع کر دیں تو اس صورت میں ، میں وہ الفاظ استعمال نہیں کرتا ۔ ان کی دیانت پر شک کیا جائے گا ۔

( قہقہے )

**جناب خورشید حسن میر :** جناب والا ! بات یہ ہے کہ ہمیں عوام نے حکومت کا اختیار دے کر بھیجا ہے اور ان تمام معاملات کا امین بنایا ہے ۔ ہم اس امانت کو بڑی دیانت داری سے ادا کریں گے ۔ لیکن یہ جو روزانہ کہا جاتا ہے کہ چوں کہ ملک آدھا رہ گیا ہے اس لئے انتظامیہ کا خرچ بھی آدھا کر دو تو یہ ہم نہیں کریں گے ۔ نہیں کریں گے اس لئے کہ ہم فوج کو آدھا نہیں کریں گے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** میں نے سول انتظامیہ کہا ہے ۔

**جناب خورشید حسن میر :** مجھے پتہ ہے کہ جب آپ سول انتظامیہ کہتے ہیں تو آپ پورے ڈیفنس بجٹ کے متعلق کہتے ہیں اور یہ کہہ کر آپ ہمیشہ عوام کو دھوکہ دیتے ہیں ۔ ۔ ۔

**Khawaja Mohammad Safdar :** Question.

**جناب خورشید حسن میر :** * اگر سول انتظامیہ کی بات ہے تو میں بتانا چاہتا ہوں کہ ہم نے نچلے درجے کے ملازمین کی تنخواہیں بڑھائی ہیں تو اس سے خرچ تو بڑھے گا ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ تنخواہیں بڑھائی جائیں اور بجٹ کم ہو جائے ۔ اگر development projects بنیں گے تو اس کے لئے لوگ ملازم بھی رکھنے پڑیں گے ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ نہ ہم کوئی نئی پوسٹ create کر رہے ہیں اور نہ ہی پہلے اخراجات میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ یہ پوسٹ بھی پہلے سے ہے اور ایڈوائزر

*Speech not corrected by the honourable Minister.

[Mr. Khurshid Hasan Meer]

بھی پہلے سے ہے - ہم نے انھیں صرف legal cover دیا ہے - انھوں نے یہ بات بھی کہی ہے کہ وہاں ٹیکنیکل لوگ رہتے ہیں - وہاں کئی ایک لوگ ہوتے ہیں جنھیں جناب appointment ان کی - ہے لیا جاتا سے Ministry of Communications کرتی ہے تو یہ پوسٹ بھی پہلے سے ہے اور Ministry of Communications افسران بھی پہلے سے موجود ہیں - ہم نے انھیں صرف legal cover دینا ہے تاکہ انھیں legal authority حاصل ہو سکے -

**Mr. Presiding Officer :** Are you interested in your amendment ?

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں - آپ وزیر صاحب سے کہیں کہ واپس لے لیں -

**Mr. Presiding Officer :** The question before the House is :

"That Clauses 6, 7 and 8 form part of the Bill".

(*The motion was adopted*)

The question before the House is :

"That Clause 1, Short title and commencement, and Preamble form part of the Bill".

(*The motion was adopted*)

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, I beg to move :

"That the Bill further to amend the Dangerous Cargoes Act, 1953 [The Dangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1947] be passed."

**Mr. Presiding Officer :** The question before the House is :

"That the Bill further to amend the Dangerous Cargoes Act, 1953 [The Dangerous Cargoes (Amendment) Bill, 1947] be passed."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Presiding Officer :** The Bill stands passed. Now, the next.

## THE PAKISTAN MARITIME SHIPPING (REGULATION AND CONTROL) (AMENDMENT) BILL, 1974

**Mr. Khurshid Hasan Meer :** Sir, I beg to move :

"That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to amend the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control)

(Amendment) Bill, 1947], as reported by the Standing Committee, be dispensed with".

**Mr. Presiding Officer** : The question before the House is :

"That the requirment of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill to amend the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be dispensed with."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Khurshid Hasan Meer** : Sir, I beg to move :

"That the Bill to amend the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Amendment) Bill, 1947], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Mr. Presiding Officer** : The question before the House is :

"That the Bill to amend the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Khawaja Mohammad Safdar** : Opposed Sir.

**Mr. Khurshid Hasan Meer*** : I would like to explain the purport of this short amending Bill. It is a very simple matter.

میں اردو میں عرض کرتا ہوں ۔ جناب والا ! یہ مسئلہ بڑا مختصر اور سادہ سا ہے کہ یہ جو بورڈ آف مینجمنٹ ہے جس کا اس قانون میں ذکر کیا گیا ہے جس کے تحت یہ کمپنیاں قومی تحویل میں لی گئیں اور جنھیں اب دو کمپنیوں کی صورت دی گئی ہے ۔ نیشنل شپنگ کارپوریشن پہلے سے موجود تھی ۔ اس کے علاوہ باقی جتنی کمپنیاں قومی تحویل میں لی گئیں انھیں اکٹھا کر کے پاکستان شپنگ کارپوریشن بنائی گئی ہے ۔ ان دونوں کے بورڈ آف مینیجمنٹ ہیں لیکن ہمارے لئے دقت یہ ہے کہ ایک کمپنی کے بورڈ آف مینیجمنٹ کے چیئرمین نے استعفیٰ دے دیا ۔ ان کی صحت اچھی نہیں تھی ۔ ان کی جگہ کوئی دوسرا چیئرمین مقرر نہیں ہوا ۔ اس لئے اس عرصے میں بورڈ کوئی کام نہ کر سکا کیوں کہ اس کا کوئی چیئرمین نہ تھا تو اس میں یہ پروویژن ایڈ

*Speech not corrected by the honourable Minister.

[Mr. Khurshid Hasan Meer]

کی گئی ہے کہ اس کمی کو پورا کرنا چاہیئے - فرض کیجئے کوئی ایسی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے کہ چیئرمین باہر چلا جائے یا بیمار پڑ جائے - وہ رہے بھی چیئرمین لیکن کام بھی نہ کر رہا ہو تو اس صورت میں حکومت کو یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ بورڈ کے ممبران میں سے کسی کو ایکٹنگ چیئرمین بنا دیا جائے تو یہ بڑی مختصر اور سادہ سی بات ہے -

**Mr. Presiding Officer :** The question before the House is :

"That the Bill to amend the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

(*The motion was adopted*)

Now, we take it up clause by clause. Yes, Khawaja Sahib.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That Clause 2 of the Bill be substituted by the following, namely :—

'2. *Amendment of Section 7, Act. XVIII of 1974.*—In the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 (XVIII of 1974), in section 7, after sub-section (2), the following new sub-section shall be added and the subsequent sub-sections be renumbered.

(3) The Chairman shall be appointed by the Federal Government, and at any time when the Chairman is absent or is unable to perform the functions of his office due to any other cause, the Federal Government may appoint any member of the Board to act as Chairman until a new Chairman is appointed or, as the case may be, the Chairman resumes his functions'."

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میرے خیال میں محترم وزیر صاحب کا جو یہ خیال ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کو چیئرمین مقرر کرنے کا اختیار حاصل ہے - مجھے اس سے اختلاف ہے - میرے خیال میں اس قانون میں وہ اختیار سرے سے فیڈرل گورنمنٹ کو حاصل ہی نہیں ہے اس لئے پہلے فیڈرل گورنمنٹ کے پاس یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ وہ بورڈ کے چیئرمین کو مقرر کر سکے اس کا تقرر کر سکے - جو صورت حال اس وقت قانون کی ہے اس میں میرے نقطہ نظر سے اور میرے خیال میں ایسا اختیار وفاق حکومت کو حاصل نہیں جس کے متعلق میرے محترم دوست وزیر

صاحب نے ترمیم پیش کی ہے - اس کے بعد بھی حکومت کو یہ اختیار حاصل نہیں ہوگا کہ وہ چیئرمین کو مقرر کر سکے - حضور والا ! اگر آپ کے سامنے اصل قانون ہو اور آپ اس اصل Act کی سیکشن 7 سب سیکشن 2 کو ملاحظہ فرمائیں تو اس میں لکھا ہے کہ :-

"A Board shall consist of a Chairman and such number of members, not exceeding nine, as the Federal Government may appoint".

اب جناب والا ! یہ الفاظ "as the Federal Government may appoint" یہ کس کو qualify کرتا ہے - یہ انگریزی کی عام فہم سی بات ہے - جو اس لفظ کے قریب ترین ہو اس کو qualify کرتا ہے اور قریب تر الفاظ یہ ہیں - "such numbers not the Chairman"

جناب خورشید حسن میر : کاما جو لگ گیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : کاما لگنے کے باوجود یہ کام نہیں بنتا - اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ ایک chairman ہوگا اور کچھ members ہوں گے اس بورڈ کے جن ممبروں کو کہ سنٹرل گورنمنٹ مقرر کرے گی - اب جو گرامر بچپن کے زمانے میں میں نے پڑھی تھی اور کچھ مجھے یاد ہے - اس کے مطابق تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ممبروں کو سنٹرل گورنمنٹ مقرر کرے گی - لیکن چیئرمین ، گرامر کے مطابق، چیئرمین کی تقرری کے بارے میں کسی کو اختیار نہیں ہے - اس لئے میں نے اپنی ترمیم میں نہایت وضاحت سے لکھا ہے اور آپ دیکھتے ہیں کہ جب کبھی کوئی اس قسم کا قانون بنایا جاتا ہے تو appointment اور terms and conditions of service پہلے اور اکٹھی لکھ دی جاتی ہیں اس لئے میں نے اپنی اس ترمیم میں یہ تجویز کیا ہے تاکہ واضح ہو جائے کہ چیئرمین کو فیڈرل گورنمنٹ مقرر کرے گی اور اگر کسی وقت وہ چیئرمین غیر حاضر ہو ، جیسا کہ اب ان کا منشاء ہے تو اس کی عارضی جگہ چیئرمین کو بھی فیڈرل گورنمنٹ ہی مقرر کرے گی - ان کو یہ گلہ ہے کہ اس قانون میں عارضی چیئرمین کی تقرری کا اختیار فیڈرل گورنمنٹ کو نہیں ہے اور مجھے یہ گلہ ہے کہ سرے سے چیئرمین کی تقرری کا اختیار ہی گورنمنٹ کو نہیں ہے - اس لئے چیئرمین کا بھی بندوبست کیجئے اور عارضی چیئرمین کی تقرری کا بھی بندوبست کیجئے - دونوں کا انتظام کیجئے اور اس طور پر اگر آپ میری یہ ترمیم قبول فرمائیں گے تو دونوں کا انتظام ہو جائیگا ۔

جناب صدارت کنندہ افسر : خواجہ صاحب آپ کا خیال ہے کہ یہ section 7 (2) میں cover نہیں ہوتا - میرے خیال میں وہ ممبرز اور چیئرمین سب کو qualify کرتا ہے - ذرا غور سے پڑھیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** ممکن ہے میں غلط ہوں لیکن میرے خیال میں اس کو واضح طور پر لکھنا چاہیئے ۔

**Mr. Presiding Officer** : May I read it again for you?

"A Board shall consist of a Chairman and such number of members, not exceeding nine, as the Federal Government may appoint".

That means that the Federal Government may appoint the Chairman and the members.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Your interpretation is different from mine.

**جناب خورشید حسن میر :** جہاں تک تھوڑی بہت انگریزی میں سمجھتا ہوں اس کا مطلب یہ ہے کہ جب دو commas لگ جائیں تو جو تیسری آنے والی بات ہے ۔ وہ دو commas کے درمیان جو چیز ہو اس کو حذف کر کے پڑھنا چاہیئے ، اس کو نظر سے ایک طرف کر کے پڑھنا چاہیئے اس لئے اس کو یوں پڑھیں گے ۔

"A Board shall consist of a Chairman and such number of members as the Federal Government may appoint."

اس کو یوں پڑھیں گے تو مطلب حل ہو جائیگا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** میرے نزدیک دقت یہ ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔

**جناب خورشید حسن میر :** * اس کے باوجود آپ کا اعتراض قائم رہتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں تو آپ کا اعتراض یہ ہے کہ چیئرمین کے بعد

"and such number of members as the Federal Government may appoint."

تو یہ بات بھی ٹھیک نہیں ہے اور میں آپ کو عرض کرتا ہوں کہ بالخصوص اس لئے ٹھیک نہیں ہے کہ جو بات میں کہہ رہا ہوں کہ دو commas کے درمیان جو کچھ لکھا گیا ہو اس کو نظر انداز کر دینا چاہیئے لیکن یہ تو نہیں کہہ رہا ہوں کہ پہلا کاما جو ہے اس کو بھی نظر انداز کر دیں ۔ بلکہ پہلا کاما قائم رکھ کر اس کو پڑھیئے تو بات سیدھی ہو جائے گی اور میں عرض کرتا ہوں کہ یہ provision اس طریقے سے لکھا جاتا ہے یہ جو draftsmen ہوتے ہیں وہ اس uniformity کا بھی خیال رکھتے ہیں اور یہ سارے جو قوانین ہیں جن کے تحت industries take over کی گئی

*Speech not corrected by the honourable Minister.

ہیں - ان کی drafting ایسی ہی ہے - اس لئے یہ دقت پیش آئی - یہ drafting میں نے تو نہیں کی -

**خواجہ محمد صفدر :** یہ بھی آپ کی غلطی ہے کہ چار مہینے کے بعد آپ کو قانون میں ترمیم لانا پڑ رہی ہے -

**جناب خورشید حسن میر :** دوسری بات یہ ہے کہ honourable Senator اس کو ایک جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ رکھ رہے ہیں - علاوہ اس بات کے کہ ان کا خیال ہے کہ یہ بات cover نہیں ہوئی تو میری رائے یہ ہے کہ جہاں یہ ہے وہیں ٹھیک ہے - اگر خواجہ صاحب کو drafting کا اتنا ہی خیال ہے تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میرا draft اس سے slightly better ہے جو انھوں نے پیش کیا ہے - اگر کوئی آدمی اپنا عہدہ چھوڑ جائے یا وفات پا جائے تو دوسرے کی تقرری کے درمیان جو وقفہ ہے اس کو بھی میں نے cover کیا ہے جب کہ آپ کی amendment میں یہ cover نہیں ہوتا ہے -

**Mr. Presiding Officer :** The question is :

"That clause 2 of the Bill be substituted by the following, namely :—

"2. *Amendment of Section 7, Act XVIII of 1974*—In the Pakistan Meritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 (XVIII of 1974), in section 7, after sub-section (2), the following new sub-section shall be added and the sub-sections be renumbered :—

(3) The Chairman shall be appointed by the Federal Government, and at any time when the Chairman is absent or is unable to perform the functions of his office due to any other cause, the Federal Government may appoint any member of the Board to act as Chairman until a new Chairman is appointed or, as the case may be, the Chairman resumes his functions."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Presiding Officer :** I will now put Clauses 2 and 3 to vote.

**The question is :**

"**That** Clauses 2 and 3 may form part of the Bill:"

(*The motion was adoptea*)

[Mr. Presiding Officer]

The question is :

"That Clause 1, Short title and the Preamble may form part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Khurshid Hasan Meer** : I beg to move :

"That the Bill to amend the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Amendment) Bill, 1974], be passed."

**Mr. Presiding Officer** : Motion moved. The question is :

"That the Bill to amend the Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) Act, 1974 [The Pakistan Maritime Shipping (Regulation and Control) (Amendment) Bill, 1974], be passed."

*(The motion was adopted)*

Since there is no more business left, the House is adjourned to meet again on Monday, the 5th August, 1974, at 10.00 a.m.

———

(The Senate then adjourned till ten of the clock in the morning on Monday, August 5, 1974).

———